PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ:13جون،2026

گلاف ایڈوائزری

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا کے بالائی اضلاع میں گلیشیائی جھیل پھٹنے اور فلیش فلڈنگ کا خدشہ، پی ڈی ایم اے کا متعلقہ اضلاع کو الرٹ جاری

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے صوبے کے بالائی اضلاع میں گلیشیائی جھیل پھٹنے اور اچانک سیلابی صورتحال کے خطرے کے پیش نظر سوات، اپر ولوئر چترال، اپر ولوئر کوہستان، اپر ولوئر دیر اور مانسہرہ کی ضلعی انتظامیہ کو پیشگی اقدامات اٹھانے کے لیے الرٹ جاری کر دیا ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق 13 جون کی شام اور رات سے ملک کے بالائی علاقوں میں ایک موسمی نظام داخل ہونے کا امکان ہے جس کے باعث خیبر پختونخوا کے برف پوش اور گلیشیائی علاقوں میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بعض مقامات پر شدید بارش متوقع ہے۔

محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ 15 جون کے بعد درجہ حرارت میں نمایاں اضافے کے باعث برف اور گلیشیئرز کے پگھلنے کی رفتار تیز ہوسکتی ہے۔ بارشوں اور گلیشیئرز کے پگھلاؤ کے مشترکہ اثرات سے گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے اور فلیش فلڈنگ کے خطرات بڑھ سکتے ہیں۔ جس سے صوبے کے بالائی اضلاع سوات، اپر ولوئر چترال، اپر ولوئر کوہستان، اپر ولوئر دیر اور مانسہرہ کے اضلاع زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔

ممکنہ خطرات میں دریاؤں، ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اچانک اضافہ، گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کے واقعات، لینڈ سلائیڈنگ، مٹی اور پتھروں کے تودے گرنے اور شاہراہوں و مواصلاتی نظام میں رکاوٹ شامل ہیں۔

پی ڈی ایم اے نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کی جائے، ممکنہ متاثرہ آبادی کو پیشگی آگاہ کیا جائے، محفوظ انخلا کے مقامات تیار رکھے جائیں اور ریسکیو وایمرجنسی سروسز کو الرٹ رکھا جائے۔ سیاحوں اور مسافروں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ حساس علاقوں کا غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں اور مقامی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں

عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ گرمی کی شدت کے دوران دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں کے قریب جانے سے گریز کریں، کسی بھی ہنگامی صورتحال میں احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی آپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع فری ہیلپ لائن 1700 پر دیں۔

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا